# 21511 - احترام والے اوراق کا کیا جائے

**سوال**

ان اخبارات اوراوراق کا کیا حکم ہے جن میں اللہ تعالی کے اسماء اورانبیاء کرام کے نام پائے جاتے ہیں مثلا عبداللہ ، یا عبدالکریم وغیرہ ؟
ان اوراق کو ہم کس طرح ضائع کریں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اس طرح کے اوراق جن میں اللہ تعالی کا ذکر اوراحترام والے نام یا آیات قرآنیہ اوراحادیث نبویہ پائ جائیں ان کی حفاظت کرنا اوران کا خیال رکھنا واجب ہے اوریہ ضروری ہے کہ انہیں کسی ایسی جگہ پر نہ پیھنکا جائے جہاں پر توہین کاپہلوں نکلتا ہو یہاں تک کہ ان اوراق کی ضرورت نہ رہے ۔

اورجب ان اوراق سے فارغ ہوں اوران کی ضرورت ختم ہوجائے تو انہیں یاتوکسی پاک صاف جگہ پر دفن کردیا جائے اوریا پھر انہیں جلادیا جائے اوریا انہیں کسی حفاظت والی جگہ سنبھال کررکھا جائے مثلا الماری وغیرہ میں ۔ .